حصن المسلم اردو
HISNULMUSLIM
رکوع اور سجدے کی
مسنون دعائیں
(صحیح احادیث کی روشنی میں)
URDU DAWAH CLIPS
UrduDawahClips
IslamicUrduGraphics
اردو گرافکس
URDU GRAPHICS
ISLAMIC

1 رکوع کی مسنون دعائیں

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ

میرا پروردگار پاک ہے بہت عظمت والا ہے

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ

بہت ہی پاکیزہ، انتہائی مقدس، فرشتوں اور روح (جبریل) کا رب

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ

پاک ہے تو اے اللہ! اے ہمارے رب! اپنی تعریف کے ساتھ، اے اللہ! مجھے معاف فرمادے

سُبْحَانَ ذِي الْجَبَرُوْتِ وَالْمَلَكُوْتِ وَالْكِبْرِيَاۗءِ وَالْعَظَمَةِ

پاک ہے انتہائی غلبے اور بڑی بادشاہت والا اور بڑائی اور عظمت والا

اَللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ وَاَنْتَ رَبِّيْ۔ خَشَعَ لَكَ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَمُخِّيْ وَعَظْمِيْ وَعَصَبِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

اے اللہ! میں نے تیرے لیے رکوع کیا، میں تجھ پر ہی ایمان لایا، میں تیرے لیے ہی مطیع ہوا، اور تو ہی میرا رب ہے، میرے کان، میری نظر، میرا دماغ، میری ہڈیاں اور میرے پٹھے اللہ رب العالمین کے لئے جھک گئے ہیں

صحیح مسلم:1814، سنن ابی داود:871 — صحیح مسلم:1091، سنن ابی داود:872 — صحیح بخاری:794، صحیح مسلم:1085

سنن ابی داود:873، سنن نسائی:1051 — صحیح مسلم:1812، سنن ابی داود:760 — سنن الترمذی:3423

2 رکوع سے اٹھنے کے بعد کی دعائیں

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ

اللہ نے سن لیا (اس شخص کی بات کو) جس نے اس کی تعریف کی ●

رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ

اے ہمارے پروردگار! اور تیرے لیے ہی تمام تعریفیں ہیں، بہت زیادہ، پاکیزہ، اور بابرکت

فضیلت: نبی ﷺ کی نماز کی اقتداء میں ایک شخص نے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کے بعد اس دعا کو پڑھا تو نبی ﷺ نے ان سے فرمایا کہ میں نے تیس سے زیادہ فرشتوں کو دیکھا کہ ان کلمات کو لکھنے میں وہ ایک دوسرے پر سبقت لے جانا چاہتے تھے ●

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْءَ الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ، اَهْلَ الثَّنَآءِ وَالْمَجْدِ، اَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

اے اللہ! اے ہمارے پروردگار! تیرے لیے اتنی تعریف ہے جس سے آسمان اور زمین بھر جائے اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے (وہ بھر جائے)، اور پھر وہ چیز جسے تو چاہے بھر جائے۔ اے حمد و ثنا اور بزرگی کے لائق! سب سے سچی بات جو تیرے بندے نے کہی اور اور ہم سب بھی تیرے ہی بندے ہیں (وہ یہ کہ) اے اللہ! جو تو عطا کرے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جو تو روک لے وہ کوئی دینے والا نہیں۔ اور کسی مرتبے والے کا رتبہ تیرے ہاں اسے کوئی فائدہ نہیں دے سکتا ●

● صحیح بخاری:795، صحیح مسلم:865 ● صحیح بخاری:799، سنن ابی داود:770 ● صحیح مسلم:1071، سنن ابی داود:847

سجدے کی مسنون دعائیں

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی

پاک ہے میرا رب جو سب سے بلند ہے ●

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ●

پاک ہے تو اے اللہ! اے ہمارے رب! اپنی تعریف کے ساتھ، اے اللہ! مجھے معاف فرمادے

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَّبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ

بہت ہی پاکیزہ، انتہائی مقدس، فرشتوں اور روح (جبریل) کا رب ●

سُبْحَانَ ذِی الْجَبَرُوْتِ وَالْمَلَكُوْتِ وَالْكِبْرِیَآءِ وَالْعَظَمَةِ

پاک ہے انتہائی غلبے اور بڑی بادشاہت والا اور بڑائی اور عظمت والا ●

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ كُلَّهٗ دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَعَلَانِيَتَهٗ وَسِرَّهٗ

اے اللہ! میرے تمام گناہ معاف فرمادے، چھوٹے اور بڑے، پہلے اور بعد والے، ظاہر اور پوشیدہ ●

سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ ●

اے اللہ! تیری ہی پاکیزگی اور تعریف ہے، تیرے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں ہے

● صحیح مسلم:1814 ● صحیح بخاری:794، صحیح مسلم:1085 ● صحیح مسلم:1091

● سنن ابی داود:873، سنن نسائی:1051 ● صحیح مسلم:1084 ● صحیح مسلم:1089

سجدے کی مسنون دعائیں

اَللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُّ وَ بِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ، سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَصَوَّرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ●

اے اللہ! میں نے تیرے ہی لیے سجدہ کیا، تجھی پر ایمان لایا اور تیرا ہی فرماں بردار ہوا، میرا چہرہ اس ہستی کے لیے سجدہ ریز ہوا جس نے اسے پیدا کیا، اسے شکل و صورت دی اور اس کے کانوں آنکھوں کے شگاف بنائے، بڑا بابرکت ہے اللہ جو بہترین خالق ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَ بِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَآ اُحْصِيْ ثَنَآءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ

اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں تیری رضا کے ذریعے سے تیری ناراضی سے، اور تیری معافی کے ذریعے سے تیری سزا سے اور میں پناہ مانگتا ہوں تیرے ذریعے سے تجھ سے، میں تیری پوری تعریف نہیں کر سکتا تو اسی طرح ہے جیسے تو نے خود اپنے آپ کی تعریف کی ہے ●

دو سجدوں کے درمیان

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ ، رَبِّ اغْفِرْ لِيْ ●

اے پروردگار مجھے بخش دے، اے پروردگار مجھے بخش دے

● صحیح مسلم:1812 ● صحیح مسلم:1090 ● سندہ حسن، سنن ابی داود:874، سنن ابن ماجہ:897، سنن نسائی:1070

5 سجدہ تلاوت کی مسنون دعائیں

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آکر عرض کیا: اللہ کے رسول! میں سویا ہوا تھا، رات میں نے اپنے آپ کو خواب میں دیکھا تو ان میں ایک درخت کے پیچھے نماز پڑھ رہا ہوں، میں نے سجدہ کیا تو درخت نے بھی میرے سجدے کی متابعت کرتے ہوئے سجدہ کیا، میں نے سنا وہ پڑھ رہا تھا:

اَللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِىْ بِهَا عِنْدَكَ اَجْرًا وَّضَعْ عَنِّىْ بِهَا وِزْرًا وَّاجْعَلْهَا لِىْ عِنْدَكَ ذُخْرًا وَّتَقَبَّلْهَا مِنِّىْ كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوٗدَ

اے اللہ میرے لئے اس سجدے کے بدلے اپنے ہاں اجر لکھ دے اور اس کے بدلے سے (میرے گناہوں کا) بوجھ ختم کردے، اور اپنے پاس اسے ذخیرہ بنا، اور مجھ سے اسی طرح قبول فرما جس طرح تو نے اپنے بندے داود سے قبول فرمایا تھا ●

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے سجدہ کی آیت پڑھی اور سجدہ کیا، تو میں نے سنا آپ سجدہ میں وہی دعا پڑھ رہے تھے، جو اس آدمی نے درخت سے سن کر بیان کی تھی

عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سجدے کی آیت تلاوت کرتے اور سجدہ تلاوت میں یہ پڑھتے:

سَجَدَ وَجْهِىَ لِلَّذِىْ خَلَقَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ بِحَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ ● فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ●

میرے چہرے نے اس ذات کو سجدہ کیا جس نے اسے پیدا فرمایا اور اس نے اپنی طاقت کے ذریعے سے اس کے کان اور آنکھ کے سوراخ بنائے، بڑا بابرکت ہے اللہ جو بہترین خالق ہے

● حدیث حسن، سنن ترمذی: 3424، سنن ابن ماجہ: 1053 ● حدیث صحیح، سنن ابی داود: 1414

● فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ کے الفاظ مستدرک حاکم میں ہیں: 1/220